Anjum
قرآنی علاج
دکھوں پریشانیوں اور بیماریوں کا روحانی معالج

سر سے لے کر پاؤں تک ہر بیماری کا

قرآنی علاج

(رُوحانی معالج)

مرتبہ

محمد یونس آرائیں

JBD Press™

Since 1923

ناشر : جہانگیر بک ڈپو

طابع : نیاز جہانگیر پرنٹرز، اردو بازار، لاہور

اشاعت: 2006

قیمت : 50 روپے

تقسیم کنندہ : آفس: 257 ریواز گارڈن، لاہور۔ فون: 042-7213318 فیکس: 042-7213319
سیلز ڈپو لاہور: اردو بازار، فون: 042-7220879
سیلز ڈپو کراچی: اردو بازار۔ فون: 021-2765086
سیلز ڈپو راولپنڈی: اقبال روڈ نزد کمیٹی چوک۔ فون: 051-5539609
سیلز ڈپو ملتان: اندرون بوہڑ گیٹ۔ فون: 061-4781781
سیلز ڈپو فیصل آباد: کوتوالی روڈ، نزد امین پور بازار۔ فون: 041-2627568
سیلز ڈپو حیدرآباد: نزد یونیفارم سنٹر جامع مسجد صدر، رسالہ روڈ۔ فون: 0300-3012131

جہانگیر بک ڈپو
Web Site:http://www.jbdpress.com E-mail:info@jbdpress.com

هو الرحیم

ہر نظر میں ہے جرم و گناہ بے حد
الٰہی تجھ کو غفور الرحیم سنتے ہیں

کہیں کہیں نہ عدو دیکھ کر ذلیل مجھے
یہ اس کا بندہ ہے جس کو کریم سنتے ہیں

اللہ اکبر

یا صاحب الجمال و یا سید البشر
من وجہک المنیر لقد نور القمر

لا یمکن الثناء کما کان حقہ
بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

انتساب

عامل قرآن چشمہ علم و عرفان

حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کی

محبت و عقیدت کے نام

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تعارف

اس مادی دور میں انسان کی نظر صرف مادی وسائل تک ہی محدود رہتی ہے۔ اور وہ ان ہی کے حصول کی خاطر سرگرداں رہتا ہے اس ریشمی دور میں حیات انسان جس طرح بیماریاں الجھنوں اور پریشانیوں کا شکار ہو کر رہ گئی ہے اس سے کسی کو انکار نہیں لیکن ان کو دور کرنے کیلئے بھی آج کا انسان مغرب سے درآمد کردہ دواؤں کا محتاج بن گیا ہے حالانکہ ان دواؤں سے ہزار درجہ بہتر اور مفید وہ اوراد و مشاغل ہیں جن کی افادیت کی نشاندہی صاحب بصیرت ہر دور میں کرتے رہے ہیں اذاتیں بے شک مفید اور ضروری ہیں مگر ان کو حاصل کرنے کیلئے قارون کا خزانہ بھی درکار ہے۔ جبکہ اس کتاب میں مندرج قرآنی معالجات زیادہ سریع الاثر ہیں۔ صوفی محمد یونس ارائیں صاحب نے یہ کتاب لکھ کر آج کے پریشان حال و درماندہ انسان کیلئے غور و فکر کی نئی راہ کھول دی ہے تاکہ اس سے خاطر خواہ فائدہ اٹھائے۔ اللہ پاک ان کی اس کوشش کو قبول فرمائے

(علی اصغر حیدری)

حرف اوّل

مالک کائنات نے انسان کو اشرف المخلوقات بنایا اور اس کی ہدایت و رہنمائی کے لیے انبیاء علیہم السلام کو مبعوث فرمایا جنہوں نے نہ صرف ہدایت و رہنمائی کے چراغ روشن کیے بلکہ انسان پر آنے والے روحانی و جسمانی، مصائب امراض اور مشکلات کا نہایت آسان اور جامع حل بھی تجویز فرمایا تاکہ اپنے روحانی و جسمانی امراض سے شفائے کاملہ حاصل کر کے انسان اپنے مالک سے بہتر طریق پر لو لگا سکے۔

بیماری بھی ایک نعمت ہے لیکن تندرستی بیماری سے ہزار درجہ بہتر نعمت ہے۔ صحت و تندرستی کی وجہ سے ہی انسان دنیا و آخرت میں کامیابی حاصل کرنے کی جدوجہد جاری رکھ سکتا ہے۔

قرآن حکیم چودہ سو سال سے اپنے "شفا" ہونے کا اعلان کر رہا ہے اور ارشاد رسول صلی اللہ علیہ وسلم بھی ہے کہ

"سب سے بہتر دوا قرآن کی دوا ہے۔"

ابن ماجہ

میں نے اس کتاب میں بزرگان دین کے مجربات ترتیب دیتے ہیں تاکہ ہم صحت و تندرستی کی لاثانی نعمت حاصل کر کے زیادہ سے زیادہ

قرب الٰہی حاصل کر سکیں۔

میں ان حضرات کا بھی شکر گزار ہوں جنھوں نے اپنے مجربات زندگی سے نواز کر احسان عظیم فرمایا۔ اللہ تعالیٰ انہیں دونوں جہانوں کی سربلندیاں عطا فرمائے۔

محمد یونس آرائیں

۸ر جون ۱۹۸۹ء

ضروری باتیں

- مذکورہ عملیات سے استفادہ کرنے کے لیے نماز کی پابندی اور اکل حلال نہایت ضروری ہے۔
- نقش لکھتے وقت باوضو ہو کر لکھیے۔
- ہر نقش کے اُوپر بسم اللہ کے اعداد کی بجائے پوری بسم اللہ لکھیے۔
- زوال کے وقت نقش لکھنے سے پرہیز کیجیے۔
- نقش کو لکھنے کے بعد موم جامہ ضرور کر دیجیے۔
- شفا ہو جانے پر کچھ خیرات کر دیجیے۔
- نقش یا عمل دینے پر کسی سے ہدیہ وغیرہ لینے سے پرہیز کیجیے۔ مانگیں نہیں۔ اگر کوئی خوشی سے پیش کرے تو لے لیجیے۔

فہرست

ارشادات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

ہر مرض کا علاج

حضرت عبدالملک بن عمیر رضی اللہ تعالےٰ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سورہ فاتحہ (الحمد شریف) میں ہر بیماری کی شفاء ہے۔
بزرگان دین سے منقول ہے کہ فجر کی سنتیں پڑھ کر مع بسم اللہ کی م ملا کر ۴۱ بار سورہ فاتحہ کا ورد رکھے پانی پر دم کر کے پلائے یا دم کر لیا کریں۔
اول و آخر ۴۱ - ۴۱ بار درود شریف کے ساتھ۔

فاقہ سے محفوظ رہنے کیلئے

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے حضور اکرم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد نقل کیا ہے جو شخص ہر رات کو سورہ واقعہ پڑھے اسکو کبھی فاقہ نہ ہوگا۔
(فضائل قرآن)

ہر ضرورت پوری ہو

عطاء بن ابو رباح رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ مجھ کو یہ بات پہنچی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص صبح کو سورہ یٰس پڑھے اس کی ضرورتیں پوری ہو جائیں گی۔ (دارمی)

بزرگان سے منقول ہے کہ نماز فجر کے بعد سورہ یٰس ایک بار مبین در مبین پڑھنے سے خود بخود کام حل ہو جاتے ہیں۔ اور حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ میرا دل چاہتا ہے کہ سورہ یٰس میرے ہر امتی کے دل میں ہو۔ (فضائل قرآن)

موت کی سختی

حضرت ابو الدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس میت کے سرہانے سورہ یٰس پڑھی جائے تو اللہ تعالیٰ اس پر موت کی سختی آسان کرتا ہے۔

(نور الصدور)

ہر شیطانی برائی سے بچنے کیلئے

حضرت معاذ بن عبد اللہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ انھوں نے اپنے باپ سے سنا کہ کچھ بارش ہوئی اور تاریکی میں ہم نے نماز پڑھانے کے لیے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا انتظار کیا، پھر کچھ کہا جس کا مطلب یہ تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھانے کے لیے باہر تشریف لائے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہہ، میں نے کہا، کیا کہوں؟ آپ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، پڑھ قل ھو اللہ احد اور معوذتین (سورہ فلق و ناس) صبح اور شام یہ تجھ کو ہر برائی سے بچائیں گی۔ (دارمی)

بزرگان دین سے منقول ہے کہ ان تینوں سورتوں کو تین تین بار بعد نماز فجر و مغرب پڑھ کر سارے بدن پر تین بار ہاتھ پر دم کر کے پھیریں۔

غصہ دور کرنے کیلئے

نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ غصے کی چنگاری کو وضو سے بجھایا جائے اور اگر کھڑے ہو تو بیٹھ جاؤ اگر بیٹھے ہو تو

لیٹ جاؤ اور اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ پڑھو چونکہ ابن آدم کے قلب میں غصہ اور شہوت کی آگ کی دو چنگاریاں ہوتی ہیں۔ (زاد المعاد جلد دوم)

ہر نقصان سے بچنے کیلئے

حضرت ابان بن عثمان رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالےٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سُنا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر وہ بندہ جو ہر دن کی صبح کو اور ہر رات کی شام کو تین تین مرتبہ یہ کہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ط

اس کو کوئی چیز نقصان نہیں پہنچائی گی۔ حضرت ابان رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر ایک طرف فالج گرا وہ شخص ان کی طرف دیکھنے لگا۔ حضرت ابان رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے فرمایا دیکھتے کیا ہو حدیث ویسے ہی ہے جیسے میں نے تم سے بیان کی مگر میں نے اس دن یہ دعا نہیں پڑھی تھی تاکہ اللہ تعالےٰ مجھ پر اپنی تقدیر کو پورا کر دے۔ (ترمذی)

بعد نماز فجر و مغرب تین تین بار پڑھیں۔

سفر میں نقصان سے بچنے کیلئے

حضرت خولہ بنت حکیم سلمیہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کہیں ٹھہرے اور کہے

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّۃِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ط

تو وہ جب تک اس منزل میں رہے گا اسے کوئی چیز نقصان نہ پہنچائے گی۔ (ترمذی)

سفر میں جانوروں کے کاٹ جانے کا نقصان ہرگز نہ ہوگا۔

دوسرے شخص کی مصیبت سے بچنے کے لیے

حضرت عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کسی کو مصیبت میں دیکھے اور کہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَ فَضَّلَنِیْ عَلٰی كَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا ط

وہ اس بلا سے جب تک زندہ رہے گا محفوظ رہے گا خواہ کوئی بھی مصیبت ہو۔ (ترمذی)

مال و دولت کی فراخی کے لیے

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا جس شخص کے پاس صدقہ خیرات کرنے کے لیے مال نہ ہو اس کے لیے کہ اپنی دعا میں یہ درود شریف پڑھا کرے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلَى الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ ط

تمام خطاؤں سے بخشش کیلئے

شرح دلائل میں ابوبکر محمد جبیر رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس نے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِهٖ وَسَلِّمْ ط

پڑھا تو کھڑا ہے تو بیٹھنے سے پہلے اور بیٹھا ہے تو کھڑا ہونے سے پہلے اس کے سب گناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔

کشائش رزق

حضرت عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے مروی ہے کہ ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اس نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھ کو دنیا نے چھوڑ رہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تجھ سے صلوٰۃ ملائکہ (فرشتوں کی دعا) اور وہ تسبیح خلائق جس کی بدولت انھیں رزق دیا جاتا ہے کہاں گئی؟ پھر فرمایا طلوع فجر کے وقت اس کو سو مرتبہ پڑھو۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ ؕ

تو دنیا تیرے پاس پست و ذلیل ہو کر آئے گی پھر وہ شخص چلا گیا اور عرصہ تک نہیں آیا پھر وہ آیا اور اس نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس اتنی وافر آئی کہ میں نہیں جانتا اسے کہاں رکھوں۔

(مدارج النبوۃ)

بزرگان دین سے منقول ہے کہ رزق کی زیادہ تنگی ہو تو تہجد کے وقت اسی تسبیح کو تین سو تیرہ مرتبہ پڑھے یا پھر ہر نماز کے بعد ایک تسبیح ورد رکھے۔

ہر مصیبت دُور ہو۔

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بلاشبہ اور یقیناً میں اس کلمہ کو جانتا ہوں کہ نہیں کہتا اسے ہر مصیبت زدہ مگر یہ کہ اس کلمہ کی بدولت حق تعالیٰ سبحانہ اس سے اس کو نجات عطا فرما دیتا ہے وہ کلمہ میرے بھائی یونس علیہ السلام کا ہے۔ کہ انھوں نے تاریکیوں میں ندا کی تھی۔

لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ؕ (مدارج النبوۃ)

بزرگان دین سے منقول ہے کہ ہر مصیبت و پریشانی کے وقت بعد نماز عشاء گیارہ سو مرتبہ اس تسبیح کو پڑھا جائے۔ یا اس کا سوا لاکھ پڑھا جائے۔ پریشانی سے نجات مل جاتی ہے۔ یا ہر نماز کے بعد سات بار درود شریف اوّل آخر ضرور پڑھے۔

اولاد نرینہ کیلئے

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انصار میں سے ایک شخص نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مجھے کبھی اولاد نصیب نہ ہوئی اور نہ ہی پیدا ہوئی آپ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تجھے کیا ہو گیا ہے کہ زیادہ استغفار نہیں کرتا اور زیادہ خیرات بھی نہیں کرتا کہ ان کی برکت سے تجھے اولاد نصیب ہو تو پھر وہ شخص زیادہ خیرات بھی کرنے لگا اور زیادہ استغفار بھی حضرت جابر رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں کہ پھر اس کے نو لڑکے پیدا ہوئے

دافع حزن

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کو رنج وغم ہوتا تو آپ یوں دعا فرماتے۔

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ ؕ (ترمذی)

رنج وغم کو دور کرنے کے لیے صبح وشام ایک ایک تسبیح ورد رکھنا اکسیر ہے۔

ہزار شفا کیلئے

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا سے روایت ہے کہ حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص ان آیات کو جمعہ کے دن لکھے اور دھو کر پی لے تو اسے ہزار شفا ہزار صحت اور ہزار رحمتیں حاصل ہوں گی ہزار نرمی ہزار یقین اور نور اس کے اندر داخل ہو جائیں گے تمام بیماریوں اور رنج وملال اس سے نکال لیے جائیں گے۔

(تفسیر الکواشی)

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے سوال کرنے پر آپ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص ان آیات کو پڑھا کرے اس کی عمر دراز ہو گی اس کے گناہ معاف ہوں گے اور وہ اپنی مراد کو پہنچے گا۔ (تفسیر العرائس)

آیات: البقرہ ۲: ۲۴۶ - آل عمران ۳: ۱۸۱ النساء ۵: ۷۷، المائدہ ۵: ۲۷ الرعد ۱۳: ۱۶

قَيُّوْمُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ الْقُوَّةَ تین بار

کفایت وحمایت کیلئے

نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص باوقات صبح وشام پڑھے۔

حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ؕ

سات بار ذکر کرے گا تو جو کچھ اس شخص کے باعث ہم وغم ہے امور دنیا وآخرت سے حق تعالےٰ اس سے اس کو کفایت وحمایت کرے گا۔

وحشت قبر

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انھوں نے کہا رسُول خُدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص ہر روز

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ ط

سو مرتبہ پڑھا کرے گا تو اس کے لیے امان ہوگی فقر سے اور اس کو انس و تسلی حاصل ہوگی وحشت قبر سے اور اس کے لیے کشادہ ہوں گے دروازے جنت کے۔

(مسند فردوس)

برائے صحت جمیع امراض

مروی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ جو کوئی آب باراں سے کر اسپر ستر بار سورہ فاتحہ اور ستر بار آیت کرسی اور ستر بار سورہ اخلاص اور ستر بار معوذتین (سورہ فلق وناس) پڑھے قسم ہے اس خداوند کی جس کے قبضے میں میری جان ہے

ہر آئینہ جبرئیل علیہ السلام میرے پاس آئے اور مجھے خبر دی اس بات سے کہ جو مریض اس پانی کو سات روز بہم صبح کو نہار منہ پیا کرے تو حق سبحانہ تعالےٰ اس شخص سے جتنے آزار اس کے بدن میں ہوں گے وہ سب دور کرے گا اور اس کو تندرستی دے گا اور ساری بیماریوں کو اس کی رگوں اور گوشت اور استخوان اور اس کے تمام اعضاء سے نکالے گا۔

(مجربات دیربی)

سوائے موت کے ہر آزار کا علاج

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اپنا ہاتھ اپنے سر پر رکھکر یہ آیات پڑھے۔

ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ سے تا آخر

سُورہ تو اس کے لیے برائے ہر آزار شفا ہے سوائے موت کے۔ یہ آیات سورہ حشر کے آخر کی ہیں (مجربات دیربی)

خاصان خدا بننے کیلئے

حضرت انس رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ کچھ لوگ خاص اللہ کے لوگ ہیں عرض کیا گیا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم وہ کون لوگ ہیں فرمایا قرآن (پڑھنے) والے۔ (دارمی)

(کثرت تلاوت سے یہ نعمت حاصل ہوتی ہے)

دلوں کے زنگ کا علاج

عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے حضور اکرم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کیا ہے کہ دلوں کو بھی زنگ لگ جاتا ہے جیسا کہ پانی لگنے سے لوہے کو زنگ لگتا ہے عرض کیا گیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ان کی صفائی کی کیا صورت ہے آپ نے فرمایا کہ موت کو اکثر یاد کرنا اور قرآن پاک کی تلاوت۔

(بیہقی)

عصر حاضر کے فتنوں کا علاج

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں حضرت جبرائیل علیہ السلام نے حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کو اطلاع دی کہ بہت سے فتنے ظاہر ہوں گے حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے

دریافت فرمایا کہ ان سے خلاصی کی کیا صورت ہے؟ انھوں نے کہا قرآن شریف۔ (فضائل قرآن)

کتاب اللہ ہر عمل اور اس کی تلاوت فتنوں سے خلاصی کا بہترین علاج ہے۔

قضائے حاجات

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کو کوئی حاجت پیش آئے تو اس کو چاہیے کہ کثرت سے مجھ پر درود پڑھے کیونکہ وہ دور کر دیتا ہے۔ اندوھوں اور غموں اور رنجوں کو اور زیادہ کرتا ہے رزق کو اور دور کرتا ہے حاجتوں کو۔

(دلائل الخیرات)

نسیان کا علاج

ابو موسیٰ مدینی سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم کسی چیز کو بھول جاؤ مجھ پر درود بھیجو وہ چیز یاد آجائے گی۔ انشاءاللہ تعالےٰ

(فضائل درود وسلام)

فقر و مصائب

حضرت عباس بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو شخص استغفار کی کثرت کرے گا حق تعالیٰ اس کو ہر غم سے نجات اور ہر تنگی سے کشادگی اور بے گمان رزق عطا فرمائیں گے۔

(مصیبت کے بعد راحت)

غم و فکر

حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہ

ننانوے بیماریوں کا علاج ہے جن میں سب سے کم غم و فکر ہے۔ (مصیبت کے بعد راحت)

عذاب قبر سے بچنے کے لیے

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ ایک آدمی مرگیا اس نے قرآن سے سوائے سورہ تبارک الذی کے اور کچھ یاد نہ کیا تھا جب وہ قبر میں اتارا گیا عذاب کے فرشتے آئے اور اس سورہ نے فرشتوں کو عذاب کرنے سے منع کیا فرشتوں نے کہا تو قرآن میں ہے ہم تجھ کو رنج دینا ناپسند کرتے ہیں ہم کو قدرت نہیں کہ تجھ کو یا مردے کو یا اپنے کو نفع ونقصان پہنچائیں اگر تو اس مردہ کو عذاب سے بچانا چاہتی ہے تو پروردگار کے دربار میں جاکر اس کو سفارش کر یہ سورہ پروردگار کے دربار میں جاکر کہے گی یارب یہ مردہ دنیا میں مجھ کو پڑھا کرتا تھا میں اس کے دل میں ہوں گی اگر تو عذاب کرنا چاہتا ہے تو مجھ کو قرآن پاک سے مٹا دے پروردگار کہے گا تو غصہ میں آگئی سورہ کہے گی اس کے بارے میں مجھے غصہ آنے کا حق ہے حکم ہوگا کہ جا میں نے میت کو تیرے حوالے کیا اور تیری سفارش قبول کی سورہ فرشتہ کے پاس آئے گی اور اس کو دفع کرے گی فرشتہ ناامید ہوکر چلا جائے گا تو یہ میت کے پاس آکر خوشخبری دے گی کہ مبارک ہو تیرا منہ جس سے مجھ

کو پڑھا اور مبارک ہو تیرا سینہ جس میں میں ہوں اور مبارک ہوں تیرے دونوں پاؤں جس سے کھڑے ہو کر مجھ کو نماز میں پڑھا اور یہ سورہ اس کی قبر میں رہا کرے گی تاکہ کبھی خوف نہ کرے۔

ارشاد رسول صلے اللہ علیہ وسلم ہے کہ میرا دل چاہتا ہے کہ یہ سورہ ہر مومن کے دل میں ہوں۔

آپ صلے اللہ علیہ وسلم اس وقت تک نہ سوتے تھے جب تک الم سجدہ اور سورہ تبارک الذی نہ پڑھ لیتے تھے۔

وقت مقررہ پر بیدار ہونے کیلئے

نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا سورہ کہف کی آخری تین آیتیں پڑھ کر دعا کریں یا اللہ ان آیات کی برکت سے مجھے فلاں وقت بیدار کر دیجئے انشاءاللہ تعالیٰ جس وقت کی نیت کریں گے جاگ آئے گی۔

(مسند دارمی، فلاح دارین)

فتنہ دجال سے محفوظ رہنے کیلئے

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سورہ کہف کی پہلی دس آیتیں

جو یاد کرے گا وہ فتنہ دجال سے محفوظ رہے گا

(مسلم - ترمذی - فلاح دارین)

امراض ونقصان سے شکستہ حالی

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک دن حضرت رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم باہر نکلے تو ایک شکستہ حال شخص نظر پڑا آپ نے فرمایا تمہارا یہ حال کیسے ہوا؟ اس نے عرض کی حضور بیماری اور نقصان کی وجہ سے آپ نے فرمایا میں تجھے وہ کلمات نہ سکھا دوں جو تیری بیماری اور نقصان کو دور کر دیں؟

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی درخواست پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیات پڑھنے کے لیے تبلائیں۔

تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِي لَا يَمُوتُ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَلَمْ يَكُن لَّهُ شَرِيكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُن لَّهُ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيرًا ۝ بنی اسرائیل ۱۷:۱۱۱

جملہ امراض اطفال

نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم حضرت حسن اور حسین علیہما السلام پر یہ دعا پڑھ کر دم کرتے اور فرمایا کرتے تھے تمہارے دادا ابراہیم اسمٰعیل اور اسحٰق علیہم السلام بھی یہی پڑھا کرتے تھے۔ (مسلم)

یہ دعا کاغذ پہ لکھ کر گلے میں باندھ دیں وہ ہر طرح سے محفوظ رہے گا۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝

اَعُوۡذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّةِ كُلِّهَا مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ بِسۡمِ اللّٰهِ الَّذِىۡ لَا يَضُرُّ مَعَ اِسۡمِهٖ شَيۡءٌ فِى الۡاَرۡضِ وَلَا فِى السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيۡعُ الۡعَلِيۡمُ وَلَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الۡعَلِيِّ الۡعَظِيۡمِ ط

شرک سے بچنے کے لیے

فردہ بن نوفل رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (معلوم ہوتا ہے) تم بڑی ضرورت سے آئے ہو عرض کی ہیں اس واسطے آیا ہوں کہ آپ مجھے کوئی چیز سکھائیں جو میں سوتے وقت پڑھ لیا کروں آپ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم لیٹو تو قل یا ایھا الکافرون پڑھ کر سو رہو۔ کیونکہ اس سے شرک سے براءت ہو جاتی ہے۔ (سنن دارمی)

کھانے اور سونے میں شیطان کی شرکت سے بچنے کے لیے

سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کے کھانے اور سونے میں شیطان کی شرکت نہ ہو تو وہ جب گھر میں آئے بسم اللہ کہہ لیا کرے اور جب کھانا کھائے تو بسم اللہ کہہ کر کھانا کھائے۔

فحش گفتاری کی عادت دفع کرنے کا عمل

حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے اپنی بدزبانی اور فحش کلامی کی شکایت کی تو آپ صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

تم استغفار کی پابندی کیوں نہیں کرتے میں تو دن میں سو مرتبہ استغفار کرتا ہوں۔ (حصن حصین)

سفر میں بدحالی سے بچنے کے لیے

ایک مرتبہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے (حضرت جبیر بن مطعم رضؓ) سے فرمایا اے جبیر کیا تم چاہتے ہو کہ جب تم سفر میں جاؤ تو اپنے ساتھیوں سے صورت و ہیئت میں بہتر توشہ میں بڑھ کر رہو (یعنی خوشحال و فارغ البالی نصیب ہو) انھوں نے عرض کی جی ہاں یا رسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان! آپ نے فرمایا تم یہ پانچ سورتیں پڑھ لیا کرو ہر سورت کو

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ سے شروع کیا کرو اور اسی پر ختم کیا کرو ہر سورت کو پہلے بسم اللہ پڑھو (قل یا ایھا الکفرون - اذا جا - قل ھو اللہ قل اعوذ برب الفلق - قل اعوذ برب الناس)

جبیر رضؓ کہتے ہیں میں کافی مالدار اور دولتمند تھا مگر جب سفر میں جاتا تو سب سے زیادہ بدحال اور توشہ سفر میں کمتر (تنگدست) ہو جاتا تھا جب سے نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھے یہ سورتیں سکھائیں اور میں نے ان کو پڑھنا شروع کیا تو میں پورے سفر میں واپسی تک اپنے ساتھیوں میں سب سے زیادہ خوش اور توشہ سفر میں فارغ البال رہنے لگا۔ (حصن حصین)

پریشان حال

حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص سورہ مزمل مصیبت کے وقت پڑھے گا اس کی مصیبت خدا دور فرمائے گا (بیضاوی - مجموعہ وظائف)

بزرگان دین سے منقول ہے کہ بعد نماز فجر ایک بار سورہ مزمّل اسطرح پڑھے کہ اس میں آنے والے چار اقراروں کو تین تین کہے اور اوّل و آخر تین تین بار درود شریف پڑھے۔ پھر دعا کرے۔

لازمی وظیفہ

حضرت انس رضی اللہ تعالٰے عنہٗ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یَا ذوالجلال والاکرام کا وظیفہ مسلمان کو لازم ہے۔ کبھی نہ چھوڑے۔

(ترمذی۔ مجموعہ وظائف)

عزت بڑھانے اسرارِ غیبی کے مشاہدات اور حافظہ کو قوی کرنے کے لیے اکسیر ہے صبح و شام ایک ایک تسبیح ورد رکھیں۔

ہفتہ بھر ہر برائی سے محفوظ رہنے کے لیے

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو نماز جمعہ کے بعد سات بار سورہ اخلاص اور فلق و ناس پڑھے گا خدا اس کو دوسرے جمعہ تک ہر برائی سے محفوظ رکھے گا۔ (نسائی۔ مجموعہ وظائف)

*

اسمائے الٰہی کے خواص

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالٰے کے اسماء حسنیٰ جن کے ساتھ دعا مانگنے کا ہمیں حکم دیا گیا ہے۔ ننانوے نام ہیں جو شخص ان کا احاطہ کرے گا (یعنی یاد کرے گا اور پڑھتا رہے گا) وہ جنت میں داخل ہو گا۔

اسی طرح دوسری حدیث کے الفاظ یہ ہیں کہ جو شخص ان کو حفظ کرے گا (اور وہ برابر پڑھتا رہے گا) وہ ضرور جنت میں داخل ہو گا۔ وہ نام یہ ہیں۔

اسمائے الٰہی کو ورد میں رکھنے سے بہت سے فائدے ہیں جن کے خواص یہاں درج کیے جاتے ہیں بہتر یہی ہے کہ روزانہ انہیں سب کو ورد میں رکھیں۔ جملہ خواص حاصل ہو جائیں گے یا پھر کسی بھی ایک یا زائد اسمائے الٰہی کو کسی بھی تعداد کے مطابق ہر نماز کے بعد ورد رکھیں اس صورت میں فقط ورد میں رہنے والے اسماء کا ہی فائدہ اٹھایا جا سکے گا۔

اسماءِ حسنیٰ پڑھنے کا طریقہ:۔

جب تلاوت شروع کریں تو اسطرح کیجیے کہ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ آخر تک مسلسل پڑھنے

چلے جائیں۔ ہر اسم کے آخر میں پیش پڑھیں اور دوسرے اسم سے ملا دیں جس نام پر سانس لینے کے لیے رُکیں۔ اس کو نہ ملائیں اور دوسرا اَل سے شروع کریں۔ اوّل و آخر درُود شریف نو نو مرتبہ ضرور پڑھیں۔

اگر چند اسماء کا ورد رکھنا ہو تو ساتھ یا ضرور لگائیں مثلاً الرحمٰن کا وظیفہ پڑھنا ہو تو یَا رَحمٰنُ پڑھیں یا اَلرَّحمٰنُ نہ پڑھیں۔ اسی طرح تمام اسماء کو سمجھ لیجیے کم از کم تعداد ورد کی صبح و شام تین سو ساٹھ سے زیادہ پانچ ہزار سے پچیس ہزار تک۔ کسی بھی اسم الٰہی کو دس لاکھ مرتبہ اللہ تعالےٰ کی قرب و رضاء کے لیے پڑھنے سے اس اسم کے انوارات سے مستفید ہوا جا سکتا ہے اکل حلال اور نماز کی پابندی اشد ضروری ہے۔ جتنی تعداد زیادہ ہو گی فائدہ بھی زیادہ ہو گا۔

اسماء حسنیٰ	معنیٰ	خواص و فوائد
اَللّٰہُ	خدا کا نام	تمام شکوک دُور کرنے یقین کی نعمت پیدا کرنے اور لا علاج مریض کی صحت کے لیے ہزار بار روز ورد رکھیں دعا کریں

اسماء حسنیٰ	معنیٰ	خواص و فوائد
اَلرَّحمٰنُ	بیحد رحم کرنیوالا	دل میں نرمی پیدا کرنا۔ غفلت دُور کرنا، آفات دنیوی سے محفوظ رہنے۔ فتوحات اور تسخیر خلائق کے لیے اکسیر ہے۔
اَلرَّحِیمُ	بڑا مہربان	آفات دنیوی سے محفوظ رہنے، دل میں رقت و شفقت پیدا کرنے تسخیر خلائق، خاتمہ بالخیر ایمان پر ہونے، غیب سے روزی حاصل کرنے کے لیے مفید ہے
اَلْمَلِكُ	حقیقی بادشاہ	غنی ہونے۔ قلب روشن ہونے دشمن کو مغلوب کرنے اور اہل دُنیا کی نظر میں عزت پانے کے لیے اکسیر ہے۔
اَلْقُدُّوسُ	برائیوں سے پاک ذات	قلب کو روحانی امراض سے پاک کرنے کے لیے۔ دل روشن کرنے کیلئے ذہن تیز کرنے کے لیے اولاد صالح کے حصول کے لیے۔
اَلسَّلَامُ	بے عیب ذات	بیمار کے لیے آفتوں سے محفوظ رہنے اور صحیح سلامت اس دنیا

		سے رخصت ہونے کے لیے۔
اَلْمُؤْمِنُ	امن و ایمان دینے والا	خوف کو دُور کرنے، محبت پیدا کرنے۔ اسرارِ غیبی کے مشاہدے کیلئے۔
اَلْمُهَيْمِنُ	نگہبان	اسرارِ الٰہی منکشف ہونے کے لیے ظاہر و باطن پاک کرنے کے لیے
اَلْعَزِيْزُ	سب پر غالب	محتاجی دُور کرنے ذلت کے بعد عزت پانے۔ کوئی غالب نہ آسکے ملازمت میں ترقی کرنے کے لیے۔
اَلْجَبَّارُ	سب سے زبردست	ظالموں کے ظلم سے بچنے۔ لوگوں کے دلوں میں ہیبت پیدا کرنے جوانمردی پیدا کرنے دل کو نیکی کی طرف مائل کرنے کے لیے۔
اَلْمُتَكَبِّرُ	بڑائی اور بزرگی والا	ہر کام میں کامیابی کے لیے عزت اور بڑائی کے لیے صالح اولاد کے لیے۔
اَلْخَالِقُ	پیدا کرنے والا	چہرہ منور کرنے اور تمام آفتوں سے محفوظ رہنے کے لیے
اَلْبَارِئُ	جان ڈالنے والا	ہر کام کے لیے خصوصًا اولادِ نر

		کے لیے۔
اَلْمُصَوِّرُ	صورت دینے والا	ہر کام کے لیے خصوصًا اولادِ نرینہ کے لیے۔
اَلْغَفَّارُ	درگزر اور پردہ پوشی کرنے والا	دشمن کو ذلیل کرنے۔ دنیا کی محبت دل سے نکالنے کے لیے۔ مغفرت کے لیے۔
اَلْقَهَّارُ	سب کو قابو میں رکھنے والا	ایضًا
اَلْوَهَّابُ	سب کچھ عطا کرنیوالا	فقر و فاقہ سے نجات کے لیے کشائش رزق کے لیے مخلوق سے بے پروا رہنے کے لیے۔ حاجتیں دُور کرنے کے لیے۔
اَلرَّزَّاقُ	بہت بڑا روزی دینے والا	مفلسی دور کرنے ملازمت کے حصول کے لیے امراض دور کرنے کے لیے۔
اَلْفَتَّاحُ	بہت بڑا مشکل کشا	دل کو ایمان کی شمع سے روشن کرنے قید سے رہائی قرض اتارنے کے لیے۔
اَلْعَلِيْمُ	بہت وسیع علم والا	علم و معرفت کے دروازے کھولنے

		کے لیے۔
اَلْقَابِضُ	روزی تنگ کرنے والے	گناہ سے رکھنے کے لیے بھوک پیاس محفوظ رہنے کے لیے کسی کی بددعا کا اثر نہ ہونے کے لیے
اَلْبَاسِطُ	روزی فراخ کر دینے والا	حاجتیں پوری ہونے۔ کسی کا محتاج نہ رہنے بخل سے پاک ہونے۔ بداخلاق دور کرنے رزق کی فراخی کے لیے وسائل میں اضافہ کے لیے۔
اَلْخَافِضُ	پست کر دینے والا	دشمن پر فتح پانے کے لیے۔
اَلرَّافِعُ	بلند کر دینے والا	مخلوق سے بے نیاز رہنے فکر اسلام پیدا کرنے عزت حاصل کرنے کے لیے اور باوقار بننے کے لیے۔
اَلْمُعِزُّ	عزت دینے والا	باعزت اور باوقار بننے کے لیے
اَلْمُذِلُّ	ذلت دینے والا	حاسدوں ظالموں دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے بے نمازوں سے نفرت پیدا کرنے کے لیے۔

اَلسَّمِیْعُ	سب کچھ سننے والا	بہرہ ہونے سے محفوظ رہنے اور اللہ تعالے کی نظر خاص حاصل کرنے کے لیے۔
اَلْبَصِیْرُ	سب کچھ دیکھنے والا	ناگہانی موت سے محفوظ رہنے گناہ کا خوف پیدا کرنے، دل نور سے منور کرنے کے لیے۔
اَلْحَکَمُ	حاکم مطلق	دل کو محل اسرار وانوار بنانے کے لیے کشف والہام کے لیے محتاجی دور کرنے ہر شخص بات مان لے۔
اَلْعَدْلُ	سرتاپا انصاف	مخلوق مسخر کرنے کے لیے ہر قسم کی آسمانی آفتوں سے محفوظ رہنے کے لیے۔ رضائے الٰہی پر راضی رہنے اور شکر گزار بننے کے لیے۔
اَللَّطِیْفُ	بڑا لطف وکرم کرنے والا	رزق کی برکت ہر کام میں کامیابی رشتہ کے لیے۔
اَلْخَبِیْرُ	باخبر اور آگاہ	پوشیدہ راز معلوم کرنے کے لیے خواہشات نفسانی سے چھٹکارے

		کے لیے شیطان سے بچنے کے لیے
اَلْحَلِیْمُ	بڑا بردبار	آفتوں سے محفوظ رہنے عزّت دار بننے کے لیے
اَلْعَظِیْمُ	بڑا بزرگ	عزت وعظمت کے لیے مفلسی دور کرنے کے لیے ۔
اَلْغَفُوْرُ	بہت بخشنے والا	رنج وغم دور کرنے مال واولاد میں برکت کے لیے ۔
اَلشَّکُوْرُ	قدردان	معاشی تنگی دکھ درد رنج وغم دور کرنے کے لیے ۔
اَلْعَلِیُّ	بہت بلند وبرتر	رتبہ کی ترقی خوشحالی مقصد میں کامیابی کے لیے ۔
اَلْکَبِیْرُ	بہت بڑا	عہدہ پر بحالی کے لیے بزرگی کے لیے مخلوق میں رعب پیدا کرنے کے لیے ۔
اَلْحَفِیْظُ	سب کا محافظ	ہر خطرہ ونقصان سے بچنے کے لیے بد نظری ہچکی خونی دست کے لیے لکھ کر پلائیں اور باندھیں
اَلْمُقِیْتُ	سب کو روزی اور توانائی دینے والا	ضِد ختم کرنے درد چشم دور کرنے اور ہر مقصد کے لیے دم کریں یا

		ورد رکھیں ۔
اَلْحَسِیْبُ	سب کیلیے کفایت	حاسدوں کے شر سے بچنے کے لیے امتحان کا نتیجہ حسب منشاء لانے کے لیے ہر چیز سے محفوظ رہنے کے لیے ۔
اَلْجَلِیْلُ	بڑے اور بلند مرتبہ والا	عزت وعظمت اور قدر منزلت کے لیے مطیع کرنے کے لیے تصور کرکے دم کر دیں ۔
اَلْکَرِیْمُ	بہت کرم والا	علماء وصلحاء میں عزّت نصیب کرنے کے لیے دل میں سخاوت پیدا کرنا فضل کے دروازے کھولنے کے لیے ۔
اَلرَّقِیْبُ	بڑا نگہبان	تمام آفتوں سے محفوظ رہنے زخم ناسور دور کرنے کے لیے دم کریں ۔
اَلْمُجِیْبُ	دعائیں سننے اور قبول کرنے والا	دعا قبول ہو خط کا جواب نہ آتا ہو تو جواب لانے کے لیے درد سر دور کرنے کے لیے ۔
اَلْوَاسِعُ	وسعت والا	ظاہری وباطنی غنا حاصل کرنے

		کے لیے کشائش رزق کے لیے اکسیر اعظم حشرات الارض سے محفوظ رہنے کے لیے قرآن مجید پڑھتے وقت پڑھے جلد حفظ ہو گا اور دم کر کے پلائیں عالی مرتبہ ہونے کے لیے - ہر دل عزیز ہونے کے لیے۔
اَلْحَکِیْمُ	بڑی حکمتوں والا	علم و حکمت کے دروازے کھولنے کے لیے - کسی بھی مشکل کے لیے صلح کرانے کے لیے تکیہ پر دم کریں۔
اَلْوَدُوْدُ	بڑا محبت کرنے والا	محبت پیدا کرنے کے لیے - گرا ہک بنانے کے لیے دم کر کے کھلائیں یا ورد رکھیں۔
اَلْمَجِیْدُ	بڑا بزرگ	موذی مرض دور کرنے کے لیے دم کر کے پییں۔
اَلْبَاعِثُ	مردوں کو زندہ کرنے والا	علم و حکمت سے دل کو زندہ کرنے کے لیے سینے پر ہاتھ رکھکر سوتے وقت پڑھیں - حاکم کو مہربان کرنے کے لیے سستی غفلت دور کرنے کے لیے روشن ضمیر ہونے کے لیے۔

اَلشَّہِیْدُ	حاضر و ناظر	نافرمان کو فرمانبردار بنانے کے لیے دم کریں خراب عادات دور کرنے کے لیے تجلی الٰہی کا مشاہدہ کرنے کے لیے۔
اَلْحَقُّ	برحق و برقرار	نقصان سے بچنے کے لیے مقدمہ اپنے حق میں کرانے کے لیے
اَلْوَکِیْلُ	بڑا کارساز	آسمانی آفت سے بچنے کے لیے آگ اور دیگر نقصان سے بچنے کے لیے قرض ادا کرنے کے لیے
اَلْقَوِیُّ	بڑی طاقت و قوت والا	طاقت ور دشمن کو دفع کرنے کے لیے ہر فرض نماز کے بعد دایاں ہاتھ سر پر رکھ کر گیارہ مرتبہ پڑھنے سے دماغی کمزوری دور ہو گی - ہر قسم کے نقصان سے بچنے کے لیے اکسیر اعظم ہے۔
اَلْمَتِیْنُ	شدید قوت والا	حب کے لیے، عورت کے دودھ کم ہو تو پانی پر دم کر کے پلائیں - صالح اولاد کیلئے لکھ کر دیں یا پلائیں۔

اَلوَلِیُّ	مددگار اور حمایتی	بیوی کو نیک خصلت بنانے کے لیے روشن ضمیر ہونے، ناگہانی آفتوں سے محفوظ رہنے، حب کے لیے اکسیر اعظم ہے۔
اَلحَمِیدُ	لائق تعریف	بری خصلتیں دور کرنے کے لیے دشمنوں سے بچنے کے لیے فرمانبردار بنانے کے لیے۔
اَلمُحصِی	اپنے علم اور شمار میں رکھنے والا	لغزش سے بچنے کے لیے۔ مخلوق مسخر کرنے کے لیے سارے دن حفاظت الٰہی میں رہنے کے لیے عذاب قبر سے بچنے کے لیے متوکل بننے کے لیے۔
اَلمُبدِئُ	پہلی بار پیدا کرنے والا	اسم کو پڑھ کر دم کر کے عورت کو صبح و نہار کھلاتے رہیں اولاد پیدا ہوگی۔ ۹۹ مرتبہ پیٹ پر ہاتھ رکھ کر پڑھ کر دم کریں تو وقت سے پہلے بچہ پیدا نہ ہوگا حمل بھی نہ گرے گا۔
اَلمُعِیدُ	دوبارہ پیدا کرنے والا	گمشدہ شخص کو لانے کے لیے،

		عبادت و زہد کی حالت نہ رہے تو اسے پڑھیں وہی حالت آجائے گی
اَلمُحیِی	زندگی دینے والا	بیمار پر دم کریں مرض دور ہوگا۔ دل میں عبادت کرنے کا شوق پیدا کرنے کے لیے۔
اَلمُمِیتُ	موت دینے والا	نفس کو قابو لانے کے لیے شیاطین پر غالب رہنے کے لیے جادو کا اثر نہ ہو۔ بچہ کو نظر بد ہو تو اس طرح لکھ کر گلے میں باندھ دیں۔ یا ممیت یا ممیت یا ممیت یا ممیت یا ممیت
اَلحَیُّ	ہمیشہ زندہ رہنے والا	امراض کی زیادتی دور کرنے کے لیے روحانی قوت بڑھانے کے لیے عمر میں برکت کے لیے۔
اَلقَیُّومُ	سب کو قائم رکھنے والا	عزت بڑھانے خوشحال ہونے سستی و کاہلی دور کرنے مصائب سے نجات کے لیے
اَلوَاجِدُ	ہر چیز کو پانے والا	قلب میں قوت اور نورانیت کے

		لیے دولت مند بننے کے لیے۔
اَلْمَاجِدُ	بزرگی اور بڑائی والا	انوار الہیہ دیکھنے کے لیے مرض دُور کرنے کے لیے روشن ضمیر ہونے کے لیے۔
اَلْوَاحِدُ / اَلْاَحَدُ	ایک / اکیلا	مخلوق کی محبت اور خوف دُور کرنے کے لیے اولاد صالح کے لیے خاتمہ بالخیر کے لیے
اَلصَّمَدُ	بے نیاز	ظاہری و باطنی سچائی اور بے نیازی کے لیے ظالم کے پنجے سے بچنے کے لیے برکت رزق، محبت صاحب کشف ہونے کے لیے۔ خوف و غم سے نجات کے لیے۔
اَلْقَادِرُ	قدرت والا	دشواری دور کرنے کے لیے، نفس اور غصہ پر قابو پانے کے لیے کمزوری دُور کرنے کے لیے
اَلْمُقْتَدِرُ	پوری مقدرت رکھنے والا	کام آسانی اور درست کرنے کے لیے نیند بھول غفلت دُور کرنے کے لیے۔ غیب سے مدد حاصل کرنے کے لیے۔

اَلْمُقَدِّمُ	پہلے اور آگے کرنے والا	نفس کو فرمانبردار کرنے کے لیے برائے حُب کے لیے میدان جنگ میں پڑھنے سے کوئی گزند نہ پہنچے گا۔
اَلْمُؤَخِّرُ	پیچھے اور بعد میں رکھنے والا	سچی توبہ نصیب ہو۔ حقیقی اور لاثانی قرب الہٰی کے لیے نفس کو قابو رکھنے اور صفات اولیاء پیدا کرنے کے لیے جس کے لڑکا نہ ہوتا ہو تو وہ چالیس دن روز پڑھے خلقت مہربان کرنے کے لیے لاتعداد فتوحات کے لیے۔
اَلْاَوَّلُ	سب سے پہلے	جس کے لڑکا نہ ہوتا ہو تو وہ چالیس دن روز پڑھے خلقت مہربان کرنے کے لیے لاتعداد فتوحات کے لیے
اَلْاٰخِرُ	سب کے بعد	غیر کی محبت دُور کرنے کے لیے خاتمہ بالخیر، عزت کے لیے۔ دل میں نور لانے اور عزت کے لیے
اَلظَّاهِرُ / اَلْبَاطِنُ	ظاہر و آشکار / پوسیدہ و پنہاں	دل میں نور لانے اور عزت کے لیے باطنی اسرار دیکھنے کے لیے قلب میں محبت الہٰی پیدا کرنے کے لیے

		روشن ضمیر ہونے تسخیر خلائق استخارہ کے لیے۔
اَلْوَالِیُ	متولی اور متصرف	ناگہانی آفتوں سے بچنے مسخر کرنے کے لیے اکسیر اعظم ہے ناجائز ہرگز استعمال نہ کریں موجب نقصان ہے۔
اَلْمُتَعَالِیُ	سب سے بلند و برتر	مشکلات دُور کرنے کے لیے
اَلْبَرُّ	بڑا اچھا سلوک کرنے والا	بری عادتوں چھڑانے کے لیے حب دنیا دُور کرنے کے لیے
اَلتَّوَّابُ	بہت زیادہ توبہ قبول کرنے والا	ظلم سے بچنے کے لیے سچی توبہ نصیب ہونے کے لیے زندگی سکون سے گزارنے کے لیے
اَلْمُنْتَقِمُ	بدلہ لینے والا	دشمن سے انتقام لینے کے لیے جھوٹے مقدمے سے بری ہونے کے لیے۔
اَلْعَفُوُّ	بہت زیادہ معاف کرنیوالا	گناہوں کی معافی کے لیے غصہ دور کرنے کے لیے
اَلرَّؤُفُ	بہت بڑا مشفق	مخلوق مہربان کرنے کے لیے غصہ

		دُور کرنے کے لیے نرمی پیدا کرنے کے لیے بدمزاجی دفع کرنے کے لیے
مَالِكُ الْمُلْكِ	ملکوں کا بادشاہ	غنی اور بے نیاز بننے کے لیے مقدمہ میں کامیابی کے لیے بواسیر دور کرنے کے لیے۔
ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ	عظمت وجلال اور انعام واکرام والا	عزت وعظمت کے لیے اسے اسم اعظم بھی کہا گیا ہے حدیث میں یہ لازمی وظیفہ بھی بتایا گیا ہے مرض کو دور کرنے غم دُور کرنے عداوت کو محبت میں تبدیل کرنے عہدے پر بحالی کے لیے حافظہ کی کمزوری دفع کرنے کے لیے کندذہنی دُور کرنے کے لیے۔ اسرار غیبی کے مشاہدہ کے لیے کم گو بننے کے لیے رعب وجلال پیدا کرنے کے لیے
اَلْمُقْسِطُ	عدل وانصاف قائم کرنے والا	شیطانی وسوسوں سے بچنوں کے لیے جائز مقصد کے لیے منصف مزاج بننے کے لیے۔
اَلْجَامِعُ	سب کو جمع کرنیوالا	محبت پیدا کرنے کے لیے اکسیر اعظم

		ہے خاندانوں کی نفرت دُور کرنے کے لیے۔
اَلْغَنِیُّ	بڑا بے نیاز و بے پروا	مال میں برکت کے لیے امراض دُور کرنے کے لیے محتاجی دور کرنے کے لیے۔
اَلْمُغْنِیُ	بے نیاز و غنی بنا دینے والا	ظاہری و باطنی غنا کے لیے۔ طمع نفسانی زائل کرنے کے لیے رشتے کے لیے۔
اَلْمَانِعُ	روک دینے والا	جھگڑا اور ناچاقی دُور کرنے کے لیے باہمی انس و محبت پیدا کرنے کے لیے ہر شہر سے بچنے کے لیے۔
اَلضَّارُّ	ضرر پہنچانے والا	قرب خداوندی کے لیے۔ صفِ فارونی کا غلبہ پیدا کرنے کے لیے نفس امارہ سے بچنے کے لیے۔
اَلنَّافِعُ	نفع پہنچانے والا	کام حسب منشا کرانے کے لیے ہر آفت سے بچنے کے لیے۔
اَلنُّوْرُ	سرتاپا نور اور نور بخشنے والا	دل کو انوار الٰہی سے منور کرنے کے لیے آنکھوں کی روشنی بڑھانے کے لیے دم کریں۔ ہر فرض نماز کے بعد گیارہ مرتبہ

اَلْھَادِیُ	سیدھا راستہ دکھانے اور اس پر چلانے والا	ہدایت نصیب ہونے کے لیے اہل معرفت کا درجہ پانے کے لیے۔
اَلْبَدِیْعُ	بے مثال چیزوں کو ایجاد کرنے والا	مصیبت دُور کرنے کے لیے ہر کام کے لیے بارہ سو مرتبہ بعد نماز عشا یہ پڑھیں بڑا مجرب عمل ہے ۱۲ دن کریں۔ یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ۔
اَلْبَاقِیُ	ہمیشہ ہمیشہ باقی رہنے والا	ہر طرح کے نقصان سے محفوظ رہنے کے لیے۔
اَلْوَارِثُ	سب کے بعد موجود رہنے والا	رنج و غم دُور کرنے کے لیے خاتمہ بالخیر کے لیے۔
اَلرَّشِیْدُ	راستی اور نکوئی پسند کرنے والا	جس کام کی سمجھ نہ آتی ہو رات کو پڑھے خواب میں معلوم ہو جائے گا۔ کاروبار میں ترقی کے لیے۔
اَلصَّبُوْرُ	بڑے صبر و تحمل والا	صبر پیدا کرنے دشمنوں کی زبانیں بند کرنے اطمینان قلب کے لیے غم دور کرنے کے لیے۔

حضرت خواجہ حسن بصری رحمتہ اللہ علیہ

برائے نظر بد

یہ نقش گلے میں باندھیں

۷۸۶

یاحافظ	یاحافظ	یاحافظ	یاحافظ
یاحافظ	یاحافظ	یاحافظ	یاحافظ
یاحافظ	یاحافظ	یاحافظ	یاحافظ
یاحافظ	یاحافظ	یاحافظ	یاحافظ

کسی مردے کو دیکھنا

جو شخص کسی مردے کو دیکھنا چاہے تو وہ نماز عشاء کی فرض و سنت اور وتر پڑھ کر چار رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ الھکم التکاثر پڑھے پھر بستر پر لیٹ کر یہ کلمات کہے۔ اَللّٰھُمَّ اَرِنِی فُلَانًا عَلٰی حَالَۃِ الَّتِی ھُوَ عَلَیْھَا

(فلاں کی جگہ نام لیں یا تصور رکھیں۔ کام نہ ہونے تک عمل جاری رکھیں)

حضرت امام غزالی رحمتہ اللہ علیہ

فتوح و برکت کیلئے

آپ فرماتے ہیں مجھے فتوح و برکت حاصل نہیں ہوئی مگر ان اوراد سے وہ یہ ہیں کہ

جمعتہ المبارک کے دن ایک ہزار بار یا اللہ کہا جائے۔

ہفتہ کے دن ایک ہزار بار لا الہ الا اللہ کہا جائے

اتوار کے دن ایک ہزار بار یاحي یا قیوم کہا جائے

پیر کے دن ایک ہزار بار درود شریف پڑھا جائے۔

منگل کے دن ایک ہزار بار لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم کہا جائے۔

بدھ کے دن ایک ہزار بار استغفر اللہ العظیم پڑھا جائے

جمعرات کے دن ایک ہزار بار سُبحان العظیم و بحمدہٖ کہا جائے۔

حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ

ہر حاجت کے واسطے

دو رکعت نماز اسطرح پڑھیں کہ سورہ فاتحہ کے بعد اوّل رکعت میں سورہ الکافرون دس بار۔ دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد قل شریف دس بار بعد سلام سجدے میں جاکر دس بار درود شریف پڑھیں اور دس بار سوئم کلمہ تمجید پڑھیں اور دس بار یہ دعا پڑھیں۔

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○

پھر اپنی حاجت کے لیے دعا کریں۔

شیخ ابو الحسن شاذلی رحمۃ اللہ علیہ

اللہ تعالیٰ تمام کاموں میں کفیل ہو

چار سو پچاس مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰہُ نِعْمَ الْوَکِیْلُ ط نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ ط روز پڑھیں

کسی کو اپنی طرف راغب کرنیکا عمل

آدھی رات کو وضو کرکے چھ رکعتیں پڑھیں ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد حسبنا اللہ و نعم الوکیل چار سو پچاس دفعہ پڑھیں پھر سلام پھیر کر بلقیہ اور نو سو پچاس مرتبہ یہی آیت پڑھیں تصور کریں کہ محبوب آرہا ہے اس سے فارغ ہونے کے بعد یہ آیتیں سات دفعہ پڑھیں

یُحِبُّوْنَھُمْ کَحُبِّ اللّٰہِ ط وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْآ اَشَدُّ حُبًّا

لِلّٰهِ ۔ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰکِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَیْنَهُمْ اِنَّهٗ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ ۔ وَاَلْقَیْتُ عَلَیْكَ مَحَبَّةً مِّنِّیْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰی عَیْنِیْ ۔ پھر حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ چار سو پچاس بار پڑھیں تین دن عمل کریں۔

قید سے رہائی، خوف سے امن، فقر سے فراخی کے لیے

ہر نماز کے بعد تیرہ سو تیرہ دفعہ حَسْبُنَا اللّٰهُ ونعم الوکیل پڑھیں۔

حاسدین و معاندین کو فرمانبردار بنانے اور نفس امارہ کے مکر سے نجات پانے کیلئے

ہر رات کو حسبنا اللہ و نعم الوکیل ایک ہزار دفعہ پڑھیں

کشف غیب اور سرداری کے حصول کیلئے

ہر نماز کے بعد حسبنا اللہ و نعم الوکیل ہزار بار درود رکھیں۔

اللہ تعالیٰ کے قرب کیلئے اور تمام حاجات پوری ہوں

دو رکعت نماز بہ نیت تقرب الی اللہ ادا کرے جب لوگ سو جائیں اوّل رکعت میں فاتحہ کے بعد حسبنا اللہ و نعم الوکیل چار سو پچاس مرتبہ اسی طرح دوسری رکعت میں بھی اکسیر ہے۔

حصول بلند درجات و زمین و آسمان کے خزانے کھولنے کے لیے

سات دن روزے رکھے۔ اور ہر نماز کے بعد ایک ہزار دفعہ

یہ اسماء پڑھیں
اگر تین ہفتے کر لیا جائے تو اور بھی اچھا ہے۔

یَا ھَادِیُّ یَا خَبِیْرُ یَا مَتِیْنُ یَا عَلَّامُ الْغَیُوْبُ۔

اہل شہر کو مسخر کرنے کے لیے

چالیس دن تک ہر نماز کے بعد حسبنا اللہ و نعم الوکیل چار سو پچاس مرتبہ پڑھیں اور رات کو ایک ہزار دفعہ

بیماریوں کی شفا کے لیے

اکتالیس دن حسبنا اللہ و نعم الوکیل ہر روز تین ہزار دفعہ پڑھیں دعا پوری ہوگی اسرار ظاہر ہوں گے فہم و ادراک میں استعداد پیدا ہوگی جس کو نظر قہر سے دیکھے گا وہ ہلاک ہوگا اور نظر رحمت سے دیکھے گا تو نیک بن جائے گا۔ جزامیوں برص والوں مفلوجوں کو صحت کی نظر سے (دم کرے گا) دیکھا تو تندرست ہو جائیں گے۔

حاکم دشمن جادو درندگزندوں سے حفاظت کے لیے

وقت ظہر غسل کریں پھر نماز سے فارغ ہو کر چار سو پچاس مرتبہ حسبنا اللہ و نعم الوکیل پڑھیں۔ کوئی بھی غالب نہ آئے گا۔

دنیا و آخرت میں قرب الٰہی اور اولیائ کے درجات حاصل کرنے کے لیے

ایک سو ساٹھ دن تک ہر روز نو ہزار پانچ سو دفعہ پڑھا کرے اور کسی کو خبر نہ دے۔ بعد ریاضت سب کچھ دیکھ لے گا۔
حسبنا اللہ و نعم الوکیل۔

حضرت امام یافعی رحمۃ اللہ علیہ

استخارہ

بعد نماز عشاء سوتے وقت دائیں پہلو لیٹ کر سورہ واللیل والضحیٰ۔ الم نشرح ہر ایک سات سات بار پڑھیں پھر یہ دعا بھی سات بار پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِیْ مِنْ اَمْرِیْ ھٰذَا فَرَجًا وَّمَخْرَجًا اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ؕ

خواجہ احمد الدیربی الشافعی رحمۃ اللہ علیہ

اولاد زندہ نہ رہتی ہو تو

بسم اللہ شریف ۶۱ (اکسٹھ) بار لکھکر عورت کے گلے میں باندھ دیں

دانت کا درد

ایک تختی پر کچھ ریت ڈالیں اور کیل یا لکڑی سے یہ حرف لکھیں اب اب ج د ہ و ز ح ط ی پھر پہلے حرف پر کیل یا لکڑی رکھے اور دبائے اور سورہ فاتحہ ایک بار پڑھے مریض درد کی جگہ انگلی شہادت رکھے ایک بار پڑھنے کے بعد مریض سے پوچھے کہ آرام ہوا ہو گیا تو ٹھیک ہے ورنہ اسی طرح بالترتیب سے بار کریں۔ اور ہر حرف پر مریض سے پوچھیں اور نئے حرف پر کیل رکھتے وقت الحمد شریف ایک ایک پڑھتے جائیں۔ آرام ہو گا۔

دفع بلغم

سفید نمک کی چھوٹی چھوٹی سات کنکریاں لے کر ہر ایک پر سات سات بار آیت الکرسی پڑھیں ایک کنکر نہار استعمال کریں۔

ڈراؤنے خواب

سوتے وقت تین بار اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم پھر

تین بار آیت الکرسی آخری کلمہ ولا یودہ حفظھما وھو العلی العظیم ہر بار میں تین بار تکرار کریں۔ امن رہے گا۔

مرگی

گیارہ مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر دورے کے وقت دم کریں سر پر۔

سخت بخار

ایک دھاگے پر سورہ یٰس پڑھیں لفظ مبین پر دم کر کے گرہ لگائیں پھر مریض کے داہنے بازو پر باندھ دیں۔

قضائے حاجات

سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِیْمٍ ایک ہزار چار سو انہتر (۱۴۶۹) بار پڑھیں۔ روز کام نہ ہونے تک۔

طلب رزق

بعد نماز عصر چودہ مرتبہ سورہ واقعہ پڑھے (سلام کے بعد اسی حالت

میں بیٹھا پڑھے تو بہتر ہے)

حضرت شاہ ولی اللہ محدّث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

برائے کشائش ظاہری و باطنی

سورہ مزمل چالیس بار یا گیارہ بار اور اسم یا مغنی گیارہ سو بار پڑھیں۔ ہر روز

آیات شفا برائے مریض

یہ آیتیں لکھ کر ایک برتن میں اور دھو کر پلائیں۔

وَیَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِیْنَ ۝ (التوبہ ۹:۱۴)

وَشِفَاءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ ۝ (یونس ۱۰:۵۷)

یَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِیْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ۝ (النحل ۱۶:۶۹)

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ط (بنی اسرائیل ۱۷ : ۸۲)

وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ o (الشعراء ۲۶ : ۸۰)

قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ (حم السجدہ ۴۱ : ۴۴)

برائے حفظ چیچک

نیلا دھاگہ دیں اور اس پر سورہ رحمٰن پڑھیں جب فبای الاء ربکما تکذبان آئے پھونک مار کر ایک گرہ لگائیں پھر گلے میں باندھ دیں

جس عورت کا بچہ زندہ نہ رہتا ہو

اجوائن اور کالی مرچ کو پیر کے دن دوپہر کو لے کر اس پر سورہ والشمس پڑھیں ۴۰ بار ہر مرتبہ درود شریف پڑھیں اور دم کریں اور درود شریف پر ہی ختم کریں (یعنی اوّل و آخر ایک مرتبہ ہر دفعہ سورت پڑھتے وقت درود شریف پڑھنا ہے) عورت ہر روز صبح نہار اسے کھایا کرے چند دانے مرچ سیاہ اور اجوائن کے حمل کے دن سے لے کر بچہ کے

دودھ چھڑانے تک۔

برائے مسحور و مریض مایوس العلاج

چینی کی پلیٹ پر یہ لکھ کر ۴۰ دن پئیں۔ بہتر یہ ہے کہ اس کے ساتھ سورہ فاتحہ بھی لکھیں

یا حی حین لا حی فی دیمومۃ ملکہ وبقائہ یا حی

حضرت شیخ محمد محدّث تھانوی رحمۃ اللہ علیہ

ادائیگی قرض

سورہ اذا جاء نصر اللہ پوری چالیس مرتبہ بعد طلوع فجر صادق پڑھیں۔ اکسیر ہے۔

تنگی معاش

وقت مقررہ پر روزانہ ۵۰۰ بار سوم کلمہ اوّل و آخر ۱۱ بار درود شریف

کے ساتھ پڑھیں۔

حکام وسلاطین کو راضی رکھنے کیلئے

رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ اوّل وآخر ۱۱ مرتبہ درود شریف کے ساتھ بعد عشاء تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھیں اور بات نہ کریں۔

حل مشکلات

سورہ قریش ستر بار روزانہ پڑھیں۔

سیّد عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

کوئی مہم درپیش آئے تو

روزانہ نماز عشاء کے بعد پانچ سو بار حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ

الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ

اوّل وآخر اکیس بار درود شریف کے ساتھ۔ اس عمل کو جمعرات سے شروع کریں۔

مصائب وآرام

ایک ہفتہ تک فجر کی سنتوں اور فرض کے درمیان اوّل وآخر گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ ۱۲۱ بار

رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ پڑھیں۔

حصول اولاد

بعد طلوع آفتاب ۴۱ چھوہارے لے کر اوّل وآخر ۲۱ بار درود شریف کے ساتھ تین تین مرتبہ یہ آیت پڑھ کر ہر چھوہارے پر دم کریں پھر کسی ڈبہ میں بند کر کے رکھ لیں عورت روز ایک عدد چھوہارہ کھائے۔

هُوَ الَّذِیْ یُصَوِّرُکُمْ فِی الْاَرْحَامِ کَیْفَ یَشَآءُ

اسم اعظم

اوّل وآخر درود شریف ۱۱ بار کے ساتھ ایک ہی جگہ پر ۱۱ سو مرتبہ اللہ الصمد چالیس دن پڑھے دعا قبول ہوگی۔

حضرت توکّل شاہ صاحب نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ

حل المشکلات

۵۰۰ مرتبہ سوئم کلمہ روز پڑھیں سُبحَانَ اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

دعوت اسم اَللہُ الصَّمَد

باپرہیز مسجد میں اعتکاف کر کے ۴۰ دن تک ۲۵۰۰۰ ہزار مرتبہ روز اسم اللہ الصمد پڑھیں۔

دعوت سُورہ اخلاص

باپرہیز ۱۲۰۰۰ ہزار مرتبہ روز ۱۲ دن یہ سُورہ پڑھیں قل ھو اللہ احد ط اللہ الصمد ط لم یلد ولم یولد ولم یکن لہٗ کفوًا احد ط

دفعہ امراض مویشاں

مٹی کے ڈھکن پر یہ نقش لکھیں پھر اسے جانوروں کے کمرے میں لٹکائیں کہ نیچے سے دیکھنے میں آئے جو کچھ لکھا ہوا ہے۔

مولانا رشید احمد گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ

برائے ہر مرض

۱۱۱۱ھ + + ۲ ــــــــ ۱۱۱۵ ــــــــ

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

یہ نقش لکھ کر گلے میں باندھیں

نوٹ:۔ یہ دونوں نقش حضرت گنگوہی اور مولانا رفیع الدین صاحب کی طرف سے منسوب ہیں۔

برائے تسخیر

یَا عَزِیْزُ کی کثرت کرے۔ تعداد مقرر نہیں۔ مجرب ہے

کشائش رزق

وقت معین کر کے ہر روز اسی وقت گیارہ سو مرتبہ یَا [illegible] سے پڑھیں۔

برائے دفع وسواس

لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

بکثرت پڑھیں۔

مقدمہ میں فتح اور دشمنوں سے حفاظت کے لیے

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ بکثرت پڑھا کریں۔

شاہ عبدالغنی پھولپوری رحمۃ اللہ علیہ

قضائے حاجات

چار رکعت نفل پڑھیں بعد سلام اول و آخر سات سات درود شریف کے ساتھ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ ط تین سو ساٹھ بار پڑھیں پھر سجدے میں سر رکھکر دعا کریں۔

مولانا محمد یٰسین صاحب رحمۃ اللہ علیہ

(والد ماجد مفتی اعظم محمد شفیع صاحب رح)

وسعت رزق اور ادائے قرض

بعد نماز عشاء جگہ متعین پر تنہا بیٹھ کر اسم یَا وَھَّابُ ۱۴۱۴ چودہ سو چودہ

اور اس کے بعد سو مرتبہ یہ دعا پڑھے۔

یَا وَھَّابُ ھَبْ لِیْ مِنْ نِعْمَۃِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَھَّابُ ط

